© rasailojaraid.com

جناب اقبال جاوید نے ان مضامین کی گہرائی اور جذبے کی سچائی کو پرکھا اور پھر ہر شمارے سے نظم ونثر کے نمونے منتخب کر کے انھیں زیرنظر کتاب میں پیش کر دیا۔ امر واقعہ یہ ہے کہ فاضل محقق نے یہ کام بڑی خوش اسلوبی سے انجام دیا۔

پہلا رسولؐ نمبر نظام المشائخ دہلی (مارچ ۱۹۱۱ء) ہے۔ اس کے بعد پے در پے نمبروں کی بہار ہے۔ آخری نمبر نورٌعلی نور کراچی (جولائی ۱۹۹۹ء) ہے۔ ماہ نامہ مولوی دہلی' جولائی ۱۹۲۸ء کا یہ اقتباس پڑھیے (ص ۸۰):

''تمام ادیان وملل کے بانیوں میں یہ خصوصیت صرف داعی اسلام علیہ الصلوٰۃ والسلام کو حاصل ہے کہ آپؐ کی شخصیت تیرہ صدیوں سے بالکل اپنے حقیقی رنگ میں نمایاں ہے' اور قدرت کی طرف سے ایسا انتظام کر دیا گیا ہے کہ قیامت تک نمایاں رہے گی۔ انسان کی اوہام پرستی اور اعجوبہ پسندی سے کچھ بعید نہ تھا کہ وہ اس برگزیدہ ہستی کو بھی' جو کمال کے سب سے اعلیٰ درجے پر پہنچ چکی تھی' افسانہ بنا کر اور الوہیت سے کسی طرح متصف کر کے تقلید و پیروی کے بجائے محض ایک تحیر واستعجاب اور عبادت و پرستش کی چیز بنا لیتی' لیکن اللہ تعالیٰ کو بعثت انبیاؑ کے آخری مرحلے میں ایک ایسا ہادی و رہنما بھیجنا مقصود تھا' جس کی ذات انسان کے لیے دائمی نمونہ عمل اور عالم گیر سرچشمہ ہدایت ہو'' (صاحب القرآن فی القرآن' از سید ابوالاعلیٰ مودودی' ص ۳۴)۔

اس انتخاب سے نظم ونثر کی وہ زمینیں' تلازمے اور فکروبیان کے وہ مضامین اور اسالیب' ایک نظر میں سامنے آجاتے ہیں' جن تک رسائی پانا' عام شائقین کے لیے ناممکن تھا۔ فاضل مرتب نے مدح رسولؐ کے تمام رنگ خوب صورتی اور مقصدیت میں گوندھ کر پیش کر دیے ہیں جس سے اردو صحافت اور مجلاتی وسیرتی ادب میں پیش کردہ سیرت نگاری کی روایت ایک نظر میں سامنے آجاتی ہے (سلیم منصور خالد)۔

خبر ونظر' عبدالحق پرواز رحمانی۔ ناشر: مرکزی مکتبہ اسلامی' چتلی قبر' دہلی۔ صفحات: ۲۲۴۔ قیمت: ۵۵ روپے۔

یہ مصنف کے ان کالموں کا انتخاب ہے جو دعوت دہلی میں شائع ہوتے رہے۔ صحافت میں کالم نویسی بہت اہم شعبہ ہے۔ فکاہی کالم اداریوں سے بھی زیادہ دل چسپی اور توجہ سے پڑھے جاتے ہیں اور میرے نزدیک رحمانی صاحب کے کالم ایک اضافی شان یہ لیے ہوئے ہیں کہ طنز ومزاح کی عام روش سے ہٹ کر بالعموم سنجیدہ لب و لہجے میں لکھے گئے ہیں اور نفس مضمون کے لحاظ سے ایک بہت ہی خاص ملّی ضرورت پوری کرتے ہیں۔

حکمران ہندو اکثریت کی تنگ نظری کی وجہ سے بھارت میں آباد مسلمانوں کے لیے ان گنت مسائل

© rasailojaraid.com